11186-اللہ تعالی کے اسم "الواسع" کا معنی

سوال

اللہ تعالی کے اسم "الواسع" کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اللہ سبحانہ وتعالی واسع ہے وہ ساری مخلوق کو کفایت اور فضل وکرم اور تدبیر کرنے کے اعتبار سے واسع ، اور اللہ تعالی غنی ہے جس کا رزق اس کی ساری مخلوق کے لئے وسیع ہے تو آپ کو کوئی بھی ایسا نہیں ملے گا جو اس کا دیا ہوا رزق نہ کھاتا ہو اور نہ کسی کے اندر اتنی طاقت ہے کہ وہ اس کے دیئے ہوئے رزق کے علاوہ کچھ کھا سکے ۔

اس کی رحمت ہر چیز کو وسیع اور اس کا غناء ہر قسم کے فقر کو وسیع ہے ، اللہ تعالی کی عطاء بہت ھی زیادہ ہے جو اس سے مانگا جائے اسے وسیع ہے ، اور وہ ہر چیز پر محیط ہے جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے :

{اس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے }.طہ (98)

تو واسع ایسے معنی کو متضمن ہے جو کہ الغنی میں نہیں پایا جاتا ، اس لئے کہ یہ کہا جاتا ہے : واسع الفضل اس کا فضل بڑا وسیع ہے اور واسع الرحمۃ اس کی رحمت بڑي وسیع ہے ، اور اس کی رحمت ہر چیز کو عام اور اس کے علم نے ہر چیز کو اپنے احاطہ میں لیا ہوا ہے ۔

فرمان باری تعالی ہے :

{اے ہمارے رب تو نے ہر چیز کو اپنی رحمت اور علم سے گھیر رکھا ہے }.غافر (7)

اور یہ اسم اس بیہ اعتراف بھی کرواتا ہے کہ اللہ تعالی کو کوئی چیز بھی عاجز نہیں کرسکتی اور نہ ہی اس پر کوئی چیز مخفی رہ سکتی ہے ، اور وہ اللہ عزوجل کثیر القدرت اور اس کی معلومات بھی بہت زیادہ ہیں ۔

اللہ تعالی بہت واسع صفات وحمد اس کے متعلقات والا ہے ، وہ اس طرح کہ اس کی حمد وثنا کا کوئی شمار نہیں کرسکتا ، بلکہ اس کی حمد وثنا تو ایسے ہی ہے جس طرح اس نے اپنی ثنا بیان کی ہے ، اس کی عظمت وسیع ہے اور رہ واسع فضل واحسان والا ہے اور وہ عظیم کرم سخاوت والا ہے ۔

.